© rasailojaraid.com

قابل قدر ہے ۔ امید ہے کہ سابقہ دو مثنویوں کی طرح یہ تیسری مثنوی بھی اردو زبان و ادب کے حلقہ میں مقبول ہوگی ۔

آوارگان عشق : از ڈاکٹر عبادت بریلوی، تقطیع خورد، ضخامت ۱۴۴ صفحات کتابت و طباعت بہتر، قیمت مجلد/20 پتہ : ادارہ ادب وتنقید، لاہور

ڈاکٹر عبادت صاحب بریلوی اس سے پہلے ایک کتاب " رہ نوردان شوق " کے نام سے شائع کر چکے ہیں جس میں انھوں نے مولانا ابوالکلام آزاد، مولوی عبدالحق اور جگر مرادآبادی کی شخصیتوں کی مرقع نگاری اپنی ذاتی ملاقات اور واقفیت کی روشنی میں کی تھی، اب یہ اسی سلسلہ کی دوسری کتاب ہے، اس میں برصغیر کے پانچ ممتاز ادیب اور شاعر: مجاز، میراجی، ناصر کاظمی، محمد حسن عسکری اور صوفی غلام مصطفیٰ تبسم کی شخصیتوں کی مرقع کشی کی گئی ہے، مرقع نگاری کے لیے دو چیزیں ضروری ہیں ایک بے لوث اور عمیق قوتِ مشاہدہ اور دوسرے بے تکلف اور رواں دواں پیرایۂ بیان لائق مصنف جو اردو زبان کے مشہور ادیب، نقاد اور غالباً سب سے زیادہ کثیر التصانیف مصنف ہیں ان میں یہ دونوں وصف بدرجۂ اتم پائے جاتے ہیں اس لیے یہ مرقعے دلچسپ بھی ہیں اور معلومات افزا بھی، ایک جگہ عبادت صاحب نے معلوم نہیں یہ کیسے لکھ دیا : " وہ یہ روایتی انداز کے خوبصورت لاچے اور سنہری کامدار جوتے منگواتے تھے، انھیں بے تکلفی کے ساتھ زیب تن کرتے تھے" (ص ۱۰۱) کیونکہ جوتا زیب پا کیا جاتا ہے نہ کہ زیب تن "

پا جا سراغ زندگی : از مولانا سید ابوالحسن علی ندوی تقطیع متوسط ضخامت دو سو صفحات، کتابت و طباعت بہتر، قیمت مجلد -/13 - پتہ : مجلس تحقیقات و نشریات اسلام، لکھنؤ

یہ کتاب مولانا کی ان تقریروں کا مجموعہ ہے جو آپ نے وقتاً فوقتاً دارالعلوم

© rasailojaraid.com